© rasailojaraid.com

ترجمان الحدیث

علوِّ زندگی کا اک نیا جہاں لیے ہوئے — عروج و اقتدارِ قوم کا نشاں لیے ہوئے

دیے ہوئے شکستِ فاش پستیٔ حیات کو — ہدایتوں کی رفعتوں کو ہم عناں لیے ہوئے

دل و دماغ کی طرب لیے ہوئے گھڑی گھڑی — نشاطِ روح کا سبب زماں زماں لیے ہوئے

کیے ہوئے فساد و شر کی ظلمتوں کو بے نشاں — شعاعِ امن و عافیت کی شوخیاں لیے ہوئے

کیے ہوئے غلامیوں کی صورتوں کا رنگ فق — چراغِ حریت کی لَو شرر فشاں لیے ہوئے

دیے ہوئے تصوّرِ خدا کا درسِ جاوداں — تخیّلِ بقا کا جذبہ جواں لیے ہوئے

لپیٹتے ہوئے بساطِ کفر و شرک و زیغ کو — سحابِ علم و فضل و رُشد دُرفشاں لیے ہوئے

کیے ہوئے تمام بدعتوں کو دم میں کالعدم — یقینِ حق و صدق کی بلندیاں لیے ہوئے

کیے ہوئے زمیں کی بختیاریوں کو سرخرو — فلک کی سازگاریاں رواں دواں لیے ہوئے

وہ دیکھ آفتاب تازہ، "ترجمان" جلوہ گر
عیارِ دولت وطن، متاعِ قوم سر بہ سر

جناب آغا صادق

© rasailojaraid.com